# چیئرمین کی جائزہ رپورٹ 2019

تھل لمیٹڈ نے اپنے سفر کا آغاز 53 سال قبل ایک جوٹ ملز کی حیثیت سے کیا تھا۔ آج ہم یہ بات فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ بفضلِ خدا ہم آپ کے سامنے ایک کثیر نوعیتی کاروباری ادارے کے طور پر کھڑے ہیں جو تھرمل سسٹمز، الیکٹرک سسٹمز، انجن کمپونینٹس، پیپر سیک اور لیمینیٹس کے کاروباروں پر مشتمل ہے۔ ہمارے لئے آپ کے تعاون کے بغیر اس مقام تک پہنچنا ناممکن تھا جس کیلئے ہم آپ کے تہہ دل سے مشکور ہیں۔

ہم ملک کے میکرواکنامک اغراض ومقاصد اور اپنے عوام کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک واضح ویژن کے ساتھ اپنی حکمت عملی وضع کرتے ہیں، ہمارے منصوبے قومی ترجیحات مثلاً سی۔ پیک اور مستقبل کیلئے مناسب توانائی کے حوالے سے پاکستان کی فوری ضروریات پوری کرنے پر مشتمل ہیں۔ لہٰذا اس سلسلے میں کمپنی نے پاکستان کے پہلے اوپن پٹ کول مائننگ پروجیکٹ بمقام تھر میں سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی (ایس ای سی ایم سی) میں سرمایہ کاری کے ذریعے شراکت داری کی ہے اور تھر سندھ میں 330 MW کول۔ فائرڈ پاور جنریشن پلانٹ کے قیام میں اپنی ذیلی کمپنی تھل پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ذریعے مصروفِ عمل ہے۔ ہم پیپر اور جوٹ پیکجنگ میں بھی موزوں ومناسب پیکجنگ سلوشن کے سلسلے میں اپنی خدمات پیش کررہے ہیں تاکہ ملک میں پلاسٹک کی آلودگی کو کم کرنے کے سلسلے میں پاکستان کی پالیسی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

معاشی واقتصادی تنظیمِ نو کے سلسلے میں پاکستان کے حالیہ ایجنڈے کو ملکوں کے کاروباری لینڈ اسکیپ میں چیلنجز درپیش ہیں۔ اس کے باوجود آپ کی کمپنی نے 30 جون 2019 کو ختم ہونے والے سال کیلئے اپنے مجموعی منافع کی شرح میں اضافے کے سلسلے کو برقرار رکھا ہے۔

گزشتہ سال کے دوران کمپنی کے انجینئرنگ کے شعبے نے دنیا کے ایک وسیع ترین آٹوموٹیو پارٹس مینوفیکچررز یازاکی کارپوریشن کے تیکنیکی اشتراک سے اپنے آٹوموٹیو وائر ہارنیس بزنس میں توسیع کرتے ہوئے ایک نئی فیسلٹی کو مکمل کیا۔ اس کے علاوہ تھل بوشوکو پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے بھی اپنی کارسیٹس کی پیداوار اور تجارتی پروڈکشن کو پورا کرنے کے ضمن میں اپنی فیسلٹی کو مکمل کیا جس کا آغاز ممکنہ طور پر 2019 کے آخر تک ہوجائے گا۔ تھل جوٹ بزنس نے بھی آپریشنل صلاحیت کو بہتر بنانے اور معیار کو اپ ڈیٹ کرنے کیلئے کیپٹل ایکوپمنٹ میں نمایاں سرمایہ کاری کی ہے۔ نئی مارکیٹوں تک رسائی کیلئے تھل پاکستان پیپر سیک ڈویژن نے حال ہی میں اپنی پروڈکٹ رینج میں مزید توسیع کرتے ہوئے ریٹیل اور فوڈ پیکجنگ کو اس میں شامل کیا ہے۔ یہ سرمایہ کاریاں اور اقدامات آنے والے سالوں میں ترقی کے مزید مواقع فراہم کریں گے۔

اپنے قیام سے اب تک تھل لمیٹڈ نے انسانی سرمائے میں مناسب سرمایہ کاری کو ریڑھ کی ہڈی تصور کیا ہے۔ کمپنی نے پورے ادارے میں اپنے ملازمین کی تربیت اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے کیلئے متعدد نمایاں اقدامات کئے۔ اپنی کامیابی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ہم اپنے مینجمنٹ ٹرینی پروگرامز کے ذریعے ملک کے بہترین اداروں سے نوجوان ٹیلنٹ اور مستقبل کے معماروں کا انتخاب کرتے ہیں ہم پُرامید ہیں کہ اپنے لوگوں میں یہ مستقل سرمایہ کاری ہمیں مستقبل میں مناسب منافع ادا کرنے کی صلاحیت فراہم کرتی رہے گی۔

تھل لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز انتہائی تجربے کار اور کاروباری شخصیات پر مشتمل ہیں جو ہمارے بورڈ کے ساتھ مجموعی طور پر 150 سالوں سے زائد کی مہارت رکھتے ہیں۔ تمام بورڈ ممبرز اپنی پیشہ ورانہ انتظامی ذمہ داریوں سے آگاہ ہیں اور عالمی پالیسیوں اور معیار کے مطابق انتظامیہ کو ضروری رہنمائی اور حکمتِ عملی کے حوالے سے اپنا تعاون فراہم کررہے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران کا کردار اور شراکت ہمارے منصوبوں کی تکمیل اور آپریشنز کے حصول وتشکیل میں نمایاں رہی۔ بورڈ کے ممبران نے ہماری کامیابی کیلئے ہماری وضع کردہ پالیسی کو جاری رکھنے کے ضمن میں اسٹریٹجک شراکت داری کرتے ہوئے بھرپور کردار ادا کیا۔ میں آڈٹ اور ہیومن ریسورسز اینڈ ری میونریشن کے حوالے سے تشکیل کردہ بورڈ کی کمیٹیوں کا شکرگزار ہوں کہ انہوں نے کمپنی کیلئے لیڈرشپ، تعاون اور رہنمائی کے ضمن میں قابل ذکر شراکت کی ذمہ داریاں پوری کیں۔

سال کے دوران کمپنی کے چیف ایگزیکٹو جناب مظہر والجی مستعفی ہوگئے اور بورڈ نے جناب محمد طیب احمد ترین کو ان کی جگہ یکم جولائی 2019 سے تعینات کیا۔ کمپنی کی جانب سے میں جناب مظہر والجی کی قابل قدر خدمات کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو انہوں نے 30 سال تک گروپ کے ساتھ منسلک رہ کر انجام دیں۔

میں اس امر سے بھی آگاہ کرنا چاہوں گا کہ جناب سہیل پی۔ احمد کمپنی کے ساتھ ایک طویل عرصے تک منسلک رہنے کے بعد مورخہ 20 ستمبر 2019 سے سبکدوش ہورہے ہیں۔ کمپنی کے ساتھ اپنی رفاقت کے دوران جناب سہیل احمد نے تھل آٹو پارٹس بزنس کے فروغ میں انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ بورڈ ان کی قابل قدر خدمات کو تسلیم کرتے ہوئے ان کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے اور ان کا مشکور بھی ہے۔

آخر میں میں اپنے شیئر ہولڈرز، صارفین، ڈیلرز اور بزنس پارٹنرز کا ان کی مسلسل سرپرستی اور اعتماد پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں اپنے تمام اسٹاف ممبران کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے کمپنی کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کیا اور مجھے بھرپور یقین ہے کہ وہ مستقبل میں بھی ترقی کی نئی بلندیوں کو پانے کیلئے ہمارا ساتھ دیں گے۔

رفیق ایم حبیب

چیئرمین